ISSN 2977-3555

روزنامہ

# صحافت برمنگھم

باخبر، باثر حقیقتوں کا پیام بر

www.sahafat.in/uk

Birmingham Edition U.K.

Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun

Volume No.03, Issue No.112 , Thursday 30 October, 2025, 8 Pages

جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (۱۱۲)، بروز جمعرات، ۳۰/اکتوبر، ۲۰۲۵ء، ۷/رجب المرجب ۱۴۴۷، ۸ صفحات




اقوام متحدہ کے انکوائری کمیشن نے غزہ میں قابض اسرائیل کے جنگی جرائم کے 16 ہزار شواہد جمع کر لیے ص:08

# نیتن یاہو کے 'طاقتور حملوں' کا حکم دینے کے بعد غزہ میں صہیونی بربریت، 91 فلسطینی شہید

## 3 نسلیں ایک ہی حملے میں ختم ہوگئیں پھر بھی جنگ بندی معاہدے میں شامل ممالک خاموش، امریکی صدر نے اسرائیلی حملے کو بتادیا جوابی کارروائی، حماس کو ہی کردی تنبیہ



غزہ، (ایجنسیاں): اسرائیلی فورسز نے فضائی حملے کرکے غزہ شہر کے ایک رہائشی علاقے کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں 24 بچوں سمیت 91 فلسطینی شہید ہوگئے اور متعدد افراد ملبے تلے دب گئے۔ قطری نشریاتی ادارے 'الجزیرہ' کے مطابق طبی ذرائع نے بتایا کہ اسرائیلی فورسز نے امریکی ثالثی سے ہونے والی جنگ بندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے رات بھر کے دوران غزہ میں کم از کم 91 فلسطینیوں کو شہید کردیا ہے جن میں کم از کم 24 بچے شامل ہیں۔ صہیونیوں کی تازہ بربریت پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ اسرائیل نے 'جوابی کارروائی' کی ہے کیونکہ ایک سپاہی مارا گیا تھا لیکن انہوں نے دعویٰ کیا کہ کچھ بھی جنگ بندی کو خطرے میں نہیں ڈالے گا، حماس کو مناسب برتاؤ کرنا ہوگا۔ غزہ میں یہ اموات اُس وقت ہوئی ہیں جب اسرائیلی وزیراعظم بینجمن نیتن یاہو نے جنوبی غزہ کے شہر رفح میں فائرنگ کے تبادلے کے بعد 'طاقتور' حملوں کا حکم دیا، اسرائیلی فوج نے بعد میں تصدیق کی کہ اس کا ایک سپاہی مارا گیا تھا۔ الجزیرہ عربی نے اطلاع دی کہ بدھ کے روز صبح سویرے مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر رام اللہ کے شمال میں واقع گاؤں عطارہ میں اسرائیلی آبادکاروں کے گروہ نے فلسطینیوں کی ملکیت والی گاڑیوں کو آگ لگادی۔ اکتوبر 2023 سے مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینیوں کو اسرائیلی آبادکاروں اور فوج کی جانب سے حملوں اور ہراسانی کی شدید لہر کا سامنا ہے، جس کے نتیجے میں اب تک کم از کم ایک ہزار 59 فلسطینی شہید، تقریباً 10 ہزار زخمی ہوچکے ہیں اور 20 ہزار سے زائد فلسطینی گرفتار کیے جا چکے ہیں، جن میں ایک ہزار 600 بچے بھی شامل ہیں۔ آج صبح تک جو معمولی سی امید تھی کہ شاید حالات پرسکون رہیں گے، وہ مکمل طور پر مایوسی میں بدل گئی ہے، آسمان جنگی طیاروں، ڈرونز اور جاسوس جہازوں سے بھرا ہوا ہے۔ اب خوف یہ ہے کہ جو کچھ گزشتہ رات شروع ہوا، وہ آنے والے کئی دنوں تک جاری رہ سکتا ہے۔ غزہ کا عمومی ماحول خوف اور دہشت سے لبریز ہے، کیونکہ غزہ نے اپنی تاریخ کی سب سے ہولناک راتوں میں سے ایک رات گزاری ہے، بہت سے لوگوں کے لیے یہ ان ابتدائی ہفتوں کی یاد تازہ کر رہی ہے جب نسل کشی کے آغاز میں شدید بمباری کے نتیجے میں بے پناہ تباہی پھیلی تھی۔ اب تک اطلاعات کے مطابق 91 فلسطینی شہید ہوچکے ہیں، جن میں اکثریت خواتین اور بچوں کی ہے۔ مرکزی غزہ میں مارے جانے والے 42 افراد میں سے 18 ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتے تھے، 3 نسلیں ایک ہی حملے میں ختم ہوگئیں، بچے، ان کے والدین اور دادا دادی سب شہید ہوگئے۔ یہاں غزہ سٹی میں جب حملے شروع ہوئے تو دھاکوں کی آوازیں پوری رات گونجتی رہیں، رہائشی علاقے لرز اٹھے، آسمان آگ اور روشنی سے بھر گیا، اور لوگوں میں خوف مزید بڑھ گیا۔ اسپتال شدید دباؤ میں ہیں، الجزیرہ نے دیکھا کہ ہسپتالوں کی راہداریوں میں اسٹریچرز پر لاشیں پڑی ہیں، زخمی اور ان کے لواحقین خون میں لت پت ہیں، ہر طرف چیخ و پکار ہے۔ لوگوں کی وہ امید کہ جنگ بندی قائم رہے گی اور ذہنی سکون بحال ہوگا، اب مایوسی میں بدل چکی ہے۔ اگر جنگ بندی کی حالت یہ ہے، تو اس کے پائیدار ہونے اور برقرار رہنے پر ایک بڑا سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔

### 'اسرائیلی حملے معاہدے کو بتدریج ختم کرنے کا عمل ہے'



الجزیرہ کی جانب سے رپورٹ کیا گیا ہے کہ مرکز برائے تنازعات اور انسانی مطالعات کے نان ریذیڈنٹ فیلو معین ربانی کے مطابق اسرائیل دانستہ طور پر جنگ بندی کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے، اس معاہدے کو امریکہ کے دباؤ پر اسرائیل نے مجبوری میں قبول کیا تھا۔ معین ربانی نے 'الجزیرہ' کو بتایا کہ اسرائیل نے کبھی بھی اس معاہدے کے تحت اپنی کسی بھی ذمہ داری کو حقیقتاً پورا نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی موجود تھی لیکن اسرائیل پہلے ہی 100 سے زائد فلسطینیوں کو شہید کر چکا ہے، اسرائیل نے غزہ میں طے شدہ حد تک اپنی فوجیں پیچھے ہٹائیں نہ ہی متفقہ مقدار میں امداد کو داخل ہونے دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب اسرائیل ایک طرف تو یہ بہانہ بنا رہا ہے کہ ملبے کے نیچے لاشوں کی تلاش کیلئے درکار بھاری مشینری کے داخلے کو روکا جائے اور دوسری طرف انہی تاخیری وجوہات کو (جو قدرتی طور پر متوقع تھیں) معاہدے کو کمزور کرنے کے بہانے کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ معین ربانی نے کہا کہ یہ بات بالکل واضح ہے کہ اسرائیل خود سے یکطرفہ طور پر جنگ بندی کو ختم کرنے کی پوزیشن میں نہیں سمجھتا۔ ان کا کہنا تھا کہ لہٰذا جو ہم دیکھ رہے ہیں وہ معاہدے کو بتدریج ختم کرنے کا عمل ہے، اب اصل سوال یہ ہے کہ امریکہ اس پر کیا ردعمل دے گا۔

### غزہ پر حملوں سے قبل اسرائیل نے امریکہ کو آگاہ کردیا تھا، اسرائیلی میڈیا کا انکشاف

تل ابیب، (ایجنسیاں): اسرائیلی میڈیا نے انکشاف کیا ہے کہ اسرائیل نے غزہ پر تازہ فضائی حملوں سے قبل امریکی انتظامیہ کو



اپنے اقدامات کے بارے میں مطلع کردیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق، اسرائیلی حکومت نے حملوں سے پہلے واشنگٹن کو اپنے منصوبے سے آگاہ کیا، تاہم امریکی حکام کی جانب سے اس اطلاع کی تاحال نہ تصدیق کی گئی ہے اور نہ تردید۔ اسرائیلی وزیراعظم کے احکامات پر صیہونی فوج نے غزہ کے مختلف علاقوں پر شدید بمباری کی، جس دوران ایک میزائل الشفاء اسپتال کے پیچھے جا گرا۔ حملے کے نتیجے میں اسپتال کے مریضوں اور طبی عملے میں شدید خوف و ہراس اور افراتفری پھیل گئی۔

### اسرائیلی خلاف ورزیوں کے باعث صہیونی قیدی کی لاش کی حوالگی موخر: حماس

دوحہ، (ایجنسی): حماس نے اسرائیل کے وزیراعظم بینجمن نیتن یاہو کی جانب سے فوج کو غزہ پر حملوں کے بعد ردعمل میں کہا



ہے کہ وہ آج ملنے والی دوسری لاش واپس کرنے کا عمل معطل کر رہے ہیں۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق حماس کے عسکری ونگ القسام بریگیڈ نے اعلان کیا کہ اسرائیلی گرفتار شہری کی لاش واپس کرنے کا عمل اسرائیل کی جانب سے معاہدے کی خلاف ورزی کی وجہ سے معطل کردیں گے، جو آج ملی تھی۔ القسام بریگیڈ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کی کسی قسم کی جارحیت کی وجہ سے لاشوں کی تلاش، کھدائی اور لاشیں نکالنے کے عمل میں رکاوٹ ہوگی اور اس کے نتیجے میں لاشوں کی واپسی تاخیر کا شکار ہوگی۔ حماس نے ردعمل میں کہا کہ اسرائیل غزہ میں ایک دفعہ پھر جارحیت کیلئے من گھڑت اور بے بنیاد الزامات عائد کر رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اسرائیل کی جانب سے غزہ میں لاشوں کی تلاش کے عمل میں رکاوٹ پیدا کی جارہی ہے اور مصالحت کاروں سے مطالبہ کیا کہ متعلقہ اداروں کو اجازت دی جائے تاکہ وہ سیاست اور جارحانہ عزائم کے برخلاف انسانی بنیادوں پر فرائض سرانجام دیں۔

## ریوڈی جنیرو میں پولیس کی بڑی کارروائی میں کم از کم 64 افراد ہلاک



ریوڈی جنیرو، (ایجنسیاں) برازیل کے شہر ریوڈی جنیرو کی فویلا بستیوں میں منگل کے روز ایک بڑی پولیس کارروائی میں کم از کم 64 افراد ہلاک اور 81 کو گرفتار کیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ کارروائی کمانڈو ورمیلیو نامی گینگسٹر گروپ کے خلاف کی گئی ہے۔ ریوڈی جنیرو کی ریاستی حکومت کے مطابق یہ شہر کی تاریخ کی سب سے خونریز کارروائی تھی۔ اس کارروائی میں 2,500 سے زائد سول اور فوجی پولیس اہلکاروں نے حصہ لیا، جو کومپلیکسو دو آلیماو اور پینیا کی دو فویلا بستیوں کی 26 کمیونٹیز میں بیک وقت کی گئی۔ حکام نے بتایا کہ ہلاک شدگان میں 56 مبینہ کمانڈوز ورمیلیو کے ارکان اور کچھ پولیس اہلکار شامل ہیں۔ پولیس نے 31 رائفلیں، دیگر اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کیا۔ پولیس نے بتایا کہ یہ کارروائی ایک سال سے زائد عرصے تک جاری تحقیقات کے بعد کی گئی جس کے دوران 69 گرفتاری وارنٹ اور 180 تلاشی وارنٹ جاری کیے گئے تھے۔ گرفتار شدگان میں ایک مبینہ گینگ لیڈر بھی شامل ہے جس پر شاباداؤ علاقے میں تشدد کو ہوا دینے کا الزام ہے۔ ریوڈی جنیرو کے گورنر کلاوڈیو کاسترو نے اس کارروائی کو ریاست میں منشیات اور کے انسداد دہشت گردی مہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا مقصد گینگ کے اثر و رسوخ کو شہر کے محلوں اور قریبی علاقوں تک پھیلنے سے روکنا ہے۔ حکام کے مطابق، گینگ کے ارکان نے پینیا علاقے میں سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں پر حملے کے لیے ڈرونز کے ذریعے دھماکہ خیز مواد گرایا۔

## یوکرین کے صدر کا روس کیساتھ مشروط مذاکرات کرنے کا اعلان

### امن مذاکرات کہیں بھی ہوسکتے ہیں مگر روس یا بیلا روس میں نہیں



کیف، (یو این آئی) یوکرینی صدر زیلنسکی نے اعلان کیا ہے کہ مذاکرات کے لئے تیار ہیں مگر اپنے علاقے نہیں چھوڑیں گے، امن مذاکرات کہیں بھی ہوسکتے ہیں مگر روس یا بیلا روس میں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یورپی اور یوکرینی حکام جمعہ یا ہفتہ کو ملاقات کریں گے دونوں فریق جنگ بندی منصوبے کی تفصیلات پر غور کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ ختم کرنے کا منصوبہ نہیں بلکہ سفارتی عمل شروع کرنے کا پہلا قدم ہے ہمارے مشیر چندروز میں مل بیٹھیں گے تاکہ جنگ بندی پلان کے نکات طے کریں۔ یوکرین کے صدر زیلنسکی نے اتحادیوں سے روس حملوں کے لیے تباہ کن ہتھیار مانگ لیے۔ یوکرینی صدر زیلنسکی کی لندن میں یورپی رہنماؤں سے ملاقات ہوئی جس میں انہوں نے اتحادیوں سے اپیل کی کہ روس پر دباؤ کیلئے طویل فاصلے کے ہتھیار فراہم کریں۔

برطانیہ کی سربراہی میں یوکرین کی عسکری مدد کیلئے کولیشن آف دی ولنگ اجلاس میں زیلنسکی نے کولیشن آف دی ولنگ ممالک سے یوکرینی حملوں کی رینج بڑھانے کی درخواست بھی کی۔

ان کا کہنا تھا کہ یوکرین کو ٹوماہاک میزائل ملنے کا علم ہوا تو روسی صدر فوری مذاکرات پر آمادہ ہوگئے، یوکرین روس میں توانائی و فوجی تنصیبات پر اپنے تیار ہتھیاروں سے حملے کر رہا ہے یوکرین نے امریکا سے طویل فاصلے کے ٹوماہاک میزائل مانگ رکھے ہیں۔

## غزہ میں صہیونی نسل کشی جاری، شہداء کی تعداد 68 ہزار 643 اور زخمی 1 لاکھ 70 ہزار 655 تک جا پہنچے



غزہ: فلسطین کی وزارتِ صحت نے اعلان کیا ہے کہ قابض اسرائیلی فوج کی جانب سے غزہ کی پٹی میں جاری نسل کشی کی جنگ کے نتیجے میں شہداء کی مجموعی تعداد 68 ہزار 643 جبکہ زخمیوں کی تعداد 1 لاکھ 70 ہزار 655 تک جا پہنچی ہے۔ وزارتِ صحت کے مطابق گذشتہ شب سے قابض اسرائیلی افواج کے حملوں میں مزید شدت آئی ہے، جس کے دوران غزہ کے مختلف علاقوں سے 104 شہداء اور 253 زخمیوں کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ شہید ہونے والوں میں 46 بچے اور 20 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمیوں میں 78 بچے اور 84 خواتین ہیں۔ وزارت نے مزید بتایا کہ 10 اکتوبر کو جنگ بندی کے اعلان کے بعد سے اب تک قابض اسرائیل کی جانب سے خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے، جس کے نتیجے میں مزید 211 شہری شہید اور 597 زخمی ہوئے ہیں۔ ادھر وزارت نے یہ بھی بتایا کہ اب تک ملبے تلے سے 482 شہداء کی لاشیں نکالی جا چکی ہیں، تاہم ابھی بھی درجنوں افراد لاپتہ ہیں جن کی تلاش جاری ہے۔ وزارتِ صحت نے واضح کیا کہ قابض اسرائیلی درندگی نے غزہ کے شہری ڈھانچے کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے، صحت کے نظام کو مفلوج کر دیا ہے اور ہسپتالوں کو بار بار نشانہ بنا کر انہیں خدمات سے محروم کر دیا ہے۔ فلسطینی عوام اس بدترین قتلِ عام کے باوجود اپنے نصب العین، آزادی اور مزاحمت کے عزم پر ثابت قدم ہیں، جبکہ عالمی برادری کی خاموشی قابض اسرائیل کے ان جرائم کی کھلی پشت پناہی بن چکی ہے۔

## ٹرمپ کا غزہ امن منصوبہ میری زندگی میں انسانیت کی بدترین توہین ہے: یو این عہدیدار



غزہ: اقوامِ متحدہ میں انسانی حقوق کی خصوصی نمائندہ برائے مقبوضہ فلسطینی اراضی فرانسسکا البانیز نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پیش کردہ غزہ امن منصوبے کو اپنی زندگی کی "بدترین توہین" قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ منصوبہ نہ قانونی حیثیت رکھتا ہے نہ اخلاقی جواز۔ فرانسسکا البانیز نے برطانوی اخبار 'آئی پیپر' سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہیں موجودہ سیاسی عمل پر کوئی اعتماد نہیں۔ انہوں نے کہا کہ "امن کا کوئی معاہدہ بین الاقوامی قوانین کی پامالی پر قائم نہیں کیا جا سکتا اور مجھے ان لوگوں پر بھی اعتماد نہیں جو اس عمل کی قیادت کر رہے ہیں"۔ انہوں نے واضح کیا کہ قابض اسرائیل کی پالیسی ہمیشہ سے یہی رہی ہے کہ وہ غزہ میں فلسطینیوں کی موجودگی برداشت نہیں کرنا چاہتا اور یہ حقیقت برسوں سے عیاں ہے۔ البانیز نے کہا کہ موجودہ معاہدے کو "جنگ بندی" کہنا گمراہ کن ہے، کیونکہ غزہ میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ دو ریاستوں یا دو فوجوں کے درمیان جنگ نہیں بلکہ ایک قابض طاقت کی طرف سے مظلوم اور محصور عوام پر مسلسل جارحیت ہے جو 1948ء سے ظلم و محاصرے میں زندگی گزار رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب ایک نوآبادیاتی نظام کا تسلسل ہے جو جبر، نسل پرستی اور استحصال پر قائم ہے۔

اقوامِ متحدہ کی اس اعلیٰ عہدیدار نے کہا کہ "یہ امر ناقابلِ قبول ہے کہ ایک ایسی ریاست، جو دو بین الاقوامی عدالتوں میں جنگی جرائم اور نسل کشی کے الزامات کا سامنا کر رہی ہے، اسے فلسطینی عوام کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا اختیار دے دیا جائے"۔ انہوں نے اسے بین الاقوامی اور انسانی قوانین کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا۔

فرانسسکا البانیز نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ انصاف پر مبنی جامع امن کے لیے بین الاقوامی قانون کو واحد بنیاد کے طور پر اپنائے۔ ان کے بقول، اگر کسی معاہدے کی بنیاد انصاف اور احتساب پر نہ ہو تو وہ مزید تشدد، ظلم اور انسانی تباہی کا سبب بنے گا۔

دوسری جانب دس اکتوبر کو فلسطینی مزاحمت اور قابض اسرائیل کے درمیان قیدیوں کے تبادلے اور جنگ بندی کا پہلا مرحلہ نافذ ہوا جس کے تحت 20 اسرائیلی قیدی رہا کیے گئے اور ہلاک شدگان کی لاشیں واپس کی گئیں۔

تاہم غزہ کے سرکاری میڈیا دفتر کے مطابق قابض اسرائیلی فوج نے اس جنگ بندی کی 125 بار خلاف ورزی کی جس میں 94 فلسطینی شہید اور 344 زخمی ہوئے۔ بیان میں کہا گیا کہ قابض افواج نے 52 مرتبہ براہِ راست شہریوں کو نشانہ بنایا اور 9 بار رہائشی علاقوں میں زمینی دراندازی کی، جو نام نہاد "پیلا خط" عبور کرنے کے مترادف ہے۔ یہ وہ سرحد ہے جو ٹرمپ کے امن منصوبے کے تحت انخلا کے پہلے مرحلے کے لیے مقرر کی گئی تھی۔

اسی دوران غزہ کی وزارتِ صحت نے اعلان کیا کہ سات اکتوبر سنہ 2023ء سے شروع ہونے والی صہیونی درندگی کے نتیجے میں اب تک 68 ہزار 531 فلسطینی شہید اور ایک لاکھ 70 ہزار 402 زخمی ہو چکے ہیں۔ وزارت نے خبردار کیا کہ مسلسل بمباری اور محاصرے کے باعث انسانی صورتحال ہر گزرتے دن کے ساتھ بدتر ہو رہی ہے اور غزہ مکمل تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔

## انسانی حقوق گروپ کی غزہ میں قابض اسرائیل کے ہاتھوں اجتماعی قتل عام کی شدید مذمت

غزہ: انسانی حقوق کے مرکز برائے غزہ نے قابض اسرائیلی فوج کی جانب سے غزہ کی پٹی پر کی جانے والی سفاکانہ کارروائیوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے جن کے نتیجے میں صرف 12 گھنٹوں کے دوران 100 فلسطینی شہری شہید ہوئے جن میں 35 معصوم بچے بھی شامل ہیں۔ یہ حملے اس فائر بندی معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہیں جو 10 اکتوبر سنہ 2025ء سے نافذ العمل ہے۔

بدھ کے روز جاری بیان میں انسانی حقوق کے مرکز نے بتایا کہ قابض اسرائیلی فضائیہ نے منگل کی شام سے بدھ کی صبح تک درجنوں فضائی حملے کیے جن کا نشانہ براہِ راست عام شہری بنے۔ قابض طیاروں نے شہری آبادیوں پر اندھا دھند بمباری کی جس سے درجنوں گھر ملبے کا ڈھیر بن گئے۔

مرکز نے واضح کیا کہ قابض اسرائیل کی جانب سے اجتماعی قتل عام کے لیے دیا گیا جواز انتہائی شرمناک ہے۔ اس نے رفح میں ایک اسرائیلی فوجی کی ہلاکت کو بہانہ بنا کر پورے علاقے پر تباہ کن حملے کر دیے حالانکہ یہ علاقہ مکمل طور پر اسرائیلی فوج کے کنٹرول میں ہے۔ مرکز نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کے مطابق اجتماعی سزا اور انتقامی کارروائیاں سنگین جرم ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ قابض اسرائیل کا رویہ انسانی جانوں کے ساتھ کھلی توہین اور بین الاقوامی انسانی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے۔ اسرائیلی فوج مسلسل قتل و تباہی کی پالیسی پر گامزن ہے اور کسی قانونی یا اخلاقی حد کا لحاظ نہیں رکھتی۔

مرکز نے انکشاف کیا کہ اس نے اب تک 197 واقعات دستاویزی طور پر ریکارڈ کیے ہیں جن میں قابض فوج نے بمباری اور فائرنگ کی، ان کارروائیوں میں 194 فلسطینی شہید ہوئے جن میں تقریباً 60 بچے شامل ہیں جب کہ 500 سے زائد افراد زخمی ہوئے۔ یہ تمام واقعات اس فائر بندی کے باوجود رونما ہوئے جو رسمی طور پر نافذ ہے۔

مرکز برائے انسانی حقوق نے کہا کہ یہ مجرمانہ حملے قابض اسرائیل کے اس منظم منصوبے کا حصہ ہیں جس کے ذریعے وہ فلسطینی عوام کے خلاف اپنی نسل کشی کی پالیسی کو مکمل کرنا چاہتا ہے۔

بیان میں کہا گیا کہ ان جرائم کے تسلسل کے باوجود عالمی برادری کی خاموشی اور قاتلوں کے خلاف کارروائی سے گریز قابلِ مذمت ہے۔ یہ مجرمانہ غفلت قابض اسرائیل کو مزید خون بہانے کی کھلی اجازت دے رہی ہے۔

### اے آئی کی وجہ سے دنیا بھر کی کمپنیوں نے ملازمتوں میں کٹوتی کی رفتار تیز کردی

لندن (یو این آئی) کمزور معاشی رجحانات اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے بڑھتے استعمال کے باعث عالمی کمپنیوں میں ملازمتوں میں بڑے پیمانے پر کمی کی جانے لگی ہے۔ روئٹرز کے مطابق دنیا بھر کی کمپنیوں نے ملازمتوں میں کٹوتی کی رفتار تیز کردی ہے، بڑی بین الاقوامی کمپنیاں، جن میں ایمیزون، نیسلے اور یو پی ایس شامل ہیں، نے اخراجات میں کمی شروع کردی ہے۔ اس کی وجہ یہ بتائی جارہی ہے کہ ایک صارفین کے اعتماد میں کمی آرہی ہے اور دوسری طرف مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر مرکوز ٹیکنالوجی کمپنیاں انسانی ملازمتوں کو خودکار نظام سے تبدیل کرنے لگی ہیں۔ روئٹرز کے جمع کردہ اعداد و شمار کے مطابق، امریکی کمپنیوں نے صرف رواں ماہ میں 000,25 سے زائد ملازمتوں میں کمی کا اعلان کیا ہے۔ اس میں یو پی ایس کے 000,48 ملازمین کی کٹوتی شامل نہیں، جو 2025 کے آغاز سے لاگو ہوگی۔ یورپ میں یہ تعداد 000,20 سے تجاوز کرگئی ہے، جس میں سب سے بڑا حصہ نیسلے کا ہے، جس نے گزشتہ ہفتے 000,16 ملازمین کی کمی کا اعلان کیا تھا۔ چوں کہ امریکا کی حکومت اپنی تاریخ کے دوسرے طویل ترین شٹ ڈاؤن (تعلقاتِ عامہ کی بندش) سے گزر رہی ہے، اس لیے ملازمتوں میں کمی کے مجموعی اعداد و شمار دستیاب نہیں ہیں۔ نیویارک کی سرمایہ کاری کمپنی 50 پارک انوسٹمنٹس کے چیف ایگزیکٹیو ایڈم سرہان نے کہا کہ ایمیزون جیسی کمپنیوں میں ملازمتوں کی کٹوتی اس بات کا اشارہ ہے کہ معیشت سست پڑ رہی ہے، مضبوط نہیں ہو رہی۔




